پریس ریلیز

.پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، سید فرہاد علی شاہ نے پاکستان کے سب سے بڑے ریاضیاتی مقابلے کا افتتاح کر دیا

لاہور، 03 دسمبر، 2025

قومی تعلیمی فضیلت کے جذبے کو آج مزید تقویت ملی جب چیز یئس اور میتھ مینیا سیزن 2 (2025–26) کی افتتاحی تقریب کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جو پاکستان کے سب سے بڑے ریاضیاتی مقابلے کا آغاز ہے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، سید فرہاد علی شاہ، نے بطور مہمان خصوصی اس تقریب میں شرکت کی اس موقع پر چیز یئس فوڈز کے مالک عمران پرویز بھی موجود تھے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے قومی ترقی اور طلباء کی بااختیاری میں ریاضی کے اہم کردار پر زور دیا۔

چیز یئس کے تعاون سے پیش کیا جانے والا میتھ مینیا مقابلہ، ریاضی کی تعلیم کو ایک قومی سطح پر اجاگر کرنے کی طرف مثبت قدم ہے۔

اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، سید فرہاد علی شاہ نے نوجوانوں میں منطقی اور تجزیاتی سوچ کی پرورش کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ”میتھ مینیا جیسے اقدامات کا آغاز دیکھنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے، جو ہماری آئندہ نسلوں کی فکری صلاحیتوں کی تعمیر کے لیے ضروری ہیں۔ تعلیم ایک خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے، اور ایسے مقابلے جو سیکھنے کے عمل کو دلچسپ اور فائدہ مند بناتے ہیں، ہماری قوم کی ترقی کے لیے انمول اثاثہ ہیں۔ میں تمام طلباء پر زور دیتا ہوں کہ وہ مقابلہ میں بھرپور طریقے سے حصہ لیں۔“

میتھ مینیا کے ترجمان نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، سید فرہاد علی شاہ کی موجودگی پر شکریہ ادا کیا۔

میتھ مینیا پاکستان کا ایک سرکردہ ترغیبی ریاضیاتی مقابلہ ہے جو طلباء میں ریاضیاتی استعداد اور تنقیدی سوچ کی مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے وقف ہے۔ چیز یئس کے ساتھ شراکت میں، یہ مقابلہ ملک گیر ٹیلنٹ کی پہچان کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔

از دفتر ترجمان پراسیکیوٹر جنرل پنجاب